© rasailojaraid.com

# برائیوں کا طوفان اور ہماری بے حسی

ادھر ہندو مظالم ڈھا رہا ہے
مسلماں گیت ہندی گا رہا ہے

نہ جانے بے حسی ایسی کیوں ہے
جنازہ کیوں نکلتا جا رہا ہے

ذرائع ہیں یہاں وقف فحاشی
برائی کا یہ بادل چھا رہا ہے

کھلے ہر سو ہیں موسیقی کے اڈے
شیطان کھل کھیلتا ہی جا رہا ہے

کیوں رسیا ہیں ہم آلات غنا کے
سمجھ سے بالا ہوتا جا رہا ہے

ادھر دشمن ہماری گھات میں ہے
ادھر چسکا رقص کا آ رہا ہے

بغاوت پر خدا کی مستعد ہیں
دامن دیں کا چھوٹا جا رہا ہے

کریں گے دین نافذیہ تھا وعدہ
مگر کیوں اس کو ٹالا جا رہا ہے

نہیں اخلاص دل میں ذرہ بھر بھی
سزا اس کی مسلماں پا رہا ہے

در توبہ ابھی تک وا ہے عاصم
خدائے پاک یوں فرما رہا ہے

رشحات فکر

عبدالرحمٰن عاصم انصاری
ایم۔اے۔بی ایڈ۔ میاں چنوں

© rasailojaraid.com